E-mail: dailypublic.faisalabad@gmail.com..... 0333-4883972

Daily PUBLIC Faisalabad

MEMBER APNS

ABC Certified

روزنامہ پبلک فیصل آباد

فیصل آباد، کوئٹہ اور کراچی سے بیک وقت اشاعت پذیر

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

جلد 24 | بدھ 7 اکتوبر 2026ء/24 ربیع الثانی 1448ھ/ قیمت 10 روپے | شمارہ 238

موسمیاتی منصوبوں میں صرف یہ نہیں دیکھنا چاہیے کہ کیا اور کیوں کیا جارہا ہے بلکہ کیسے اور کون کرے گا، اس پر بھی توجہ دینا ہوگی۔

معاشی استحکام بنیادی ضرورت برآمدات میں اضافہ ترجیح ہے

محمد اورنگزیب

موسمیاتی نقصانات کے فنڈ سے پاکستان کو مطلوبہ مدد نہیں مل رہی، موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کیلئے عالمی فنڈز سے مزید معاونت کی ضرورت ہے

حکومت مالیاتی نظم و ضبط پر توجہ دے رہی ہے، بائیڈار معاشی نمو کیلئے حکومت اور نجی شعبے کو مل کر کام کرنا ہوگا، وزیر خزانہ

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و سرمایہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ معاشی استحکام بنیادی ضرورت ہے، عالمی معاشی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے معاشی پالیسی لانی ہوگی، سرمایہ کاری کے فروغ میں حکومت کا کردار بڑھانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی میں کمی کیلئے بھی کام کیا جارہا ہے، ملک کو ایسی معاشی حکمرانی کی ضرورت ہے جو ذمہ دارانہ اور پائیدار ہو۔ عالمی معاشی حالات کے تناظر میں ضبط اور معاشی استحکام پر توجہ دے رہی ہے۔ بلومبرگ ایس ڈی جی انویسٹمنٹ فنڈ سے خطاب کرتے ہوئے محمد اورنگزیب نے کہا کہ ترجیحات میں شامل ہے، حکومت مالیاتی نظم و ضبط اور معاشی استحکام پر توجہ دے رہی ہے، بنیادی ایس ڈی جی انویسٹمنٹ فنڈ سے خطاب کرتے ہوئے معاشی پالیسی لانی ہوگی، سرمایہ کاری کے فروغ میں حکومت کا کردار بڑھانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی میں کمی کیلئے بھی کام کیا جارہا ہے، ملک کو ایسی معاشی حکمرانی کی ضرورت ہے جو ذمہ دارانہ اور پائیدار ہو۔ عالمی معاشی حالات کو مدنظر رکھ

Daily PUBLIC Faisalabad

روزنامہ پبلک فیصل آباد

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

چیف ایڈیٹر و پبلشر وسیم احمد نے الرفیق افضالی پرنٹنگ پریس پاک گول مین پور بازار سے چھپوا کر بلاٹ نمبر P-289 بلاک A ستارہ کالونی کالج روڈ سمن آباد فیصل آباد سے شائع کیا

معاشی ترقی کے ساتھ برآمدات میں اضافہ حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے

وفاقی وزیر خزانہ وسینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ معاشی ترقی کے ساتھ برآمدات میں اضافہ حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، حکومت مالیاتی نظم و ضبط اور معاشی استحکام پر توجہ دے رہی ہے۔ نیشنل ایس ڈی جیز انویسٹمنٹ فیئر سے خطاب کرتے ہوئے محمد اورنگزیب نے کہا کہ سرمایہ کاری کے فروغ میں حکومت کا کردار کلیدی ہے، ملک کو ایسی معاشی نمو درکار ہے جو ذمہ دارانہ اور پائیدار ہو۔ عالمی معاشی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے معاشی پالیسی کو آگے بڑھانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی میں کمی کیلئے معاشی پالیسی کے مثبت اثرات سامنے آرہے ہیں اور معاشی استحکام بنیادی ضرورت ہے۔ سرمایہ کاری اور معاشی ترقی کیلئے حکومت اور نجی شعبے کو مل کر کام کرنا ہوگا، مقامی سرمایہ کار فعال ہوں گے تو بیرونی سرمایہ کاری بھی آئے گی۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستانی کاروباری گروپس اب ہل کر کنسورشیم بنا کر کام کر رہے ہیں۔ گزشتہ تین ماہ کے دوران پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں 5 ابتدائی عوامی پیشکشیں (آئی پی اوز) ہوئیں، جبکہ گزشتہ مالی سال 11 آئی پی اوز ہوئے جو 20 سال کی بلند ترین سطح ہے۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ موسمیاتی تصانات کے فنڈ سے پاکستان کو مطلوبہ مدد نہیں مل رہی، موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کیلئے عالمی فنڈز سے مزید معاونت کی ضرورت ہے۔ ترقیاتی منصوبوں میں موسمیاتی خطرات کو سمجھنا اور ان کی نگرانی کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ موسمیاتی منصوبوں کو عالمی معیار کے مطابق بنانے کیلئے اداروں کی استعداد کار بڑھانا ضروری ہے۔ موسمیاتی منصوبوں میں صرف یہ نہیں دیکھنا چاہیے کہ کیا اور کیوں کیا جارہا ہے بلکہ کیسے اور کون کرے گا، اس پر بھی توجہ دینا ہوگی۔

مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب میں ترقی کا نیا شراکتی باب

پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کو صوبائی ترقی کی نئی بنیاد بنانے کا فیصلہ

22 ارب روپے کا متوقع ریونیو، سرکاری وسائل پر دباؤ کم کرنے کی حکمت عملی

سیہاں نوالہ روڈ کے 52 کلومیٹر اور فیصل آباد سندری راجباہ روڈ کے 56 کلومیٹر حصے کے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت لانا اس منصوبہ بندی کی وسعت کا ظہور ہوگا۔

مجموعی طور پر 318 کلومیٹر شاہراہوں کا یہ نیٹ ورک پنجاب کے مختلف اہم شہروں اور تجارتی مراکز کے درمیان رابطے کو مضبوط بنانے کے ساتھ ساتھ کارباری سرگرمیوں، زرعی پیداوار کی نقل و حرکت اور صنعتی ترسیل کے لیے بھی اہم ثابت ہو سکتا ہے۔ بہتر سڑکیں صرف آمدورفت کا ذریعہ نہیں ہوتیں بلکہ وہ معیشت کی رفتار، سرمایہ کاری کے رجحان اور روزگار کے مواقع سے براہ راست جڑی ہوتی ہیں۔

اس منصوبے کا اہم پہلو جدید الیکٹرانک ٹول ٹیکس کا قیام ہے۔ جس کیلئے تمام سائل سنگ میل پر ٹول وصول کرے گی اور شاہراہوں کے رفتار اور عوامی اقادیت کو اہمیت دی جارہی ہے۔ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے شعبے میں سامنے آنے والی حالیہ پیش رفت اسی سوچ کی عملی تصویر ہے۔ مریدکے، ناروال، نیلہ ورک موڑ پنجاب کے مختلف اہم شہروں اور تجارتی مراکز کے درمیان رابطے کو مضبوط بنانے کے ساتھ ساتھ کارباری سرگرمیوں، زرعی پیداوار کی نقل و حرکت اور صنعتی ترسیل کے لیے بھی اہم ثابت ہو سکتا ہے۔ بہتر سڑکیں صرف آمدورفت کا ذریعہ نہیں ہوتیں بلکہ وہ معیشت کی رفتار، سرمایہ کاری کے رجحان اور روزگار کے مواقع سے براہ راست جڑی ہوتی ہیں۔

اس منصوبے کا اہم پہلو جدید الیکٹرانک ٹول پلازوں

بقیہ نمبر 1

تین ماہ کے دوران پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں 5 انڈیل عوامی پیشکشیں (آئی پی اوز) ہوئیں، جبکہ گزشتہ مالی سال 11 آئی پی اوز ہوئے جو 20 سال کی بلند ترین سطح ہے۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ موسیقی تضحیات کے فنڈ سے پاکستان کو مطلوبہ مدد نہیں مل رہی، موسیقی تجدیلی سے منسلک کیلئے مالی فنڈز سے مزید معاونت کی ضرورت ہے۔ ترقیاتی منصوبوں میں موسیقی خطرات کو سمجھنا اور ان کی گہرائی کو ضروری ہے۔ موسیقی منصوبوں میں موسیقی منصوبوں کو عالمی معیار کے مطابق بنانے کیلئے اداروں کی استعداد کار بڑھانا ضروری ہے۔ موسیقی منصوبوں میں صرف پیچیدگی نہیں بلکہ مواقع بھی ہیں، کیسے اور کون کرے گا، اس پر بھی توجہ دینا ہوگی۔

بقیہ نمبر 2

کرنی ہے اور اختلافات اداروں اور قانون کے ذریعے حل کرنا ہوگا، ہم نے ہمیشہ یہ واضح رائے کو تقسیم کا سبب نہیں بننا چاہیے، ایک دوسرے کی بات سننا بہت ضروری ہے، ایک سنجیدگی سے سنیں اور سمجھنے کی کوشش کریں، سینیٹر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ مضبوط ادارے ہی طاقتور ہیں اور پائیدار جمہوریت کی بنیاد رکھتے ہیں، سینیٹر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ جناب آسمئی نے انتخابی کی شفافیت کے لیے پارلیمانی کمیٹی کا کس قائم کیا ہے، جو انتخابی برادریوں کی پارلیمانی شرکت اور آئینی حقوق کے تحفظ کے لیے اہم قدم ہے۔ سینیٹر جناب آسمئی نے کہا کہ پاکستان کی تعمیر و ترقی اور جمہوری زندگی کا اہم حصہ ہیں اور صرف مستقبل نہیں بلکہ آج کی پاکستان کے قومی اور جمہوری مستقبل کی تشکیل کر رہے ہیں۔ جامعات کو نوجوانوں میں سکالر، تنقید، فکری آزادی اور مختلف اختلاف رائے کو فروغ دینا چاہیے، طلبہ سوال اٹھائیں، شواہد پر بحث کریں اور دوسروں کی بات سنیں، کیونکہ اختلاف رائے کو برداشت کرنا جمہوری معاشرے کی بنیادی ضرورت ہے۔ سینیٹر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ جامعات اور قانون ساز اداروں کے درمیان مضبوط روابط وقت کی ضرورت ہیں، تحقیق، شواہد اور نوجوان رہنماؤں کو قانون سازی سے جوڑنا جامعات کا اہم کردار ہے۔ سینیٹر جناب آسمئی ملک محمد احمد خان نے کہا کہ نظام قانون کے مطابق چلنا چاہیے، جہاں سب کو ان کے حقوق ملنے چاہئیں اور ان کی آواز اسمبلی تک پہنچائے جائے ہیں، جس پر حکومتی اور اپوزیشن نمائندوں کی جانب سے بحث ہوتی طلبہ کو جناب آسمئی نے کہا کہ ہم نے ہمیشہ کہا ہے کہ وہ چاہتے ہیں کہ طلبہ بڑے سے خواب دیکھیں، ہمارا مستقبل نوجوانوں کے خوابوں کے ساتھ جڑا ہے، آج کے نوجوان کی آنکھ میں جو خواب ہیں وہ دنیا کو آگے لے کر

قائدین نے جو ذمہ داری لگائی پوری محنت سے سرانجام دی، اعظم سکندر

محنت کبھی رائیگاں نہیں جاتی، کوئی بھی کام جب آپ خلوص نیت اور بغیر کسی لالچ کے کرتے ہیں تو اللہ تعالیٰ اس میں برکت ڈالتا ہے

ایوارڈ صرف ایوارڈ نہیں ہوتا بلکہ وصول کرنے والے کے چہرے پر خوشی اور ایوارڈ دینے والی شخصیت کی خوشی بھی دیکھنے کے قابل ہوتی ہے



فیصل آباد (انور شکیل سے) محنت کبھی رائیگاں نہیں جاتی، کوئی بھی کام جب آپ خلوص نیت اور بغیر کسی لالچ کے کرتے ہیں تو اللہ تعالیٰ اس میں برکت ڈالتا ہے اور وہ انسان اپنے اہداف حاصل کر لیتا ہے، میری خوش نصیبی ہے کہ میرے قائدین نے مجھے جو کام دیا میں نے اسے پوری محنت سے سرانجام دیا اور آج مجھے اس ایوارڈ کی صورت میں صلہ مل رہا ہے، ان خیالات کا اظہار چیئرمین آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں چیئرمین لائزون کمیٹی برائے ٹریڈ رانا محمد سکندر اعظم خاں نے FCCI کی سالانہ AGM تقریب میں تعریف گروپ کے قائدین میاں محمد ادریس، میاں جاوید اقبال اور سابق صدر فاروق یوسف شیخ کے ہاتھوں لائزون کمیٹی برائے ٹریڈ اور سالانہ تجدید ممبر شپ پر 151 ریکارڈ میٹنگز کرنے پر ایوارڈ وصول کرتے ہوئے کیا، رانا محمد سکندر اعظم خاں نے کہا کہ ایوارڈ صرف ایوارڈ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 24)

بجلی و گیس کے بلوں پر عائد تمام ٹیکسز فوری ختم کئے جائیں، شفیق کا شف

پٹرول کی قیمتیں بار بار بھڑنے سے مہنگائی کا سیلاب بے قابو ہوتا جا رہا ہے سستی بجلی کا حصول وقت کا ناگزیر تقاضا ہے

دوہولڈنگ ٹیکس، بجلی کے بلوں میں بے تحاشہ اضافہ اور غیر ضروری ٹیکسز کی بھرمار سمیت تاجر دوعوام کش پالیسیوں حکومت کو لے ڈوبیں گی



فیصل آباد (انور شکیل سے) وائس چیئرمین انجمن تاجران سٹی فیصل آباد حافظ شفیق کاشف نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ پٹرول کی قیمتیں بار بار بھڑنے سے مہنگائی کا سیلاب بے قابو ہوتا جا رہا ہے سستی بجلی کا حصول وقت کا ناگزیر تقاضا ہے، غریب عوام دوست سکیم، فوری لاگو کرے بجلی و گیس کے بلوں میں عائد تمام ٹیکسز ختم کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کریں، دوہولڈنگ ٹیکس، بجلی کے بلوں میں بے تحاشہ اضافہ اور غیر ضروری ٹیکسز کی بھرمار سمیت تاجر دوعوام کش پالیسیوں حکومت کو لے ڈوبیں گی پٹرولیم مصنوعات (اور بجلی کے نرخوں میں بار بار اضافہ کرنے کے بجائے بھاری لائن لاسز اور بجلی کی چوری پر قابو پایا جائے، بجلی کے نرخ پہلے ہی بہت زیادہ ہیں اور اگر اضافے کا سلسلہ یونہی جاری رہا تو ملک کی صنعت و تجارت کو سخت نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے تاجر دوست سکیم کی آڑ میں FBR کی زیادتیوں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 29)

خیبر پختونخوا دہشتگردی کی زد پر ہے، صوبے کا وزیراعلیٰ کنٹینر پر ہے، عظمیٰ بخاری

لوگوں کو دہشت گردوں اور جتھوں کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑا جا سکتا، وزیر اطلاعات پنجاب



لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا دہشت گردی کی زد پر ہے اور صوبے کا وزیراعلیٰ کنٹینر پر ہے۔ جاری بیان میں عظمیٰ بخاری نے کہا کہ سہیل آفریدی نے صوبے میں قیام امن پر دہشت گردوں کو تحفظ دینے پر ترجیح دی۔ انہوں نے کہا کہ سہیل آفریدی واحد وزیراعلیٰ ہیں جو اپنے صوبے میں مارچ کر رہے ہیں، خیبر پختونخوا حکومت خود صوبے میں آپریشن اقدام کرنے پر مجبور کر رہی ہے۔ وزیر اطلاعات پنجاب نے مزید کہا کہ لوگوں کو دہشت گردوں اور جتھوں کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑا جا سکتا۔

پی ٹی آئی کوئی سیاسی جماعت نہیں تھی، عبدالغفور بٹ

جمہوریت میں احتجاج سب کا حق ہے لیکن کسی کو اجازت نہیں دے سکتے وہ ریاست کو نقصان پہنچائے



فیصل آباد (پ ر) پاکستان مسلم لیگ ن یوتھ ونگ سٹی فیصل آباد کے سابق صدر عبدالغفور بٹ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کوئی سیاسی جماعت نہیں تھی، یہ ملک بھی صرف انتشار پیدا کرنے کیلئے ایک انتشاریوں کا ٹولہ جمع کیا گیا تھا، جو یہ آج بھی کر رہے ہیں اس انتشاری ٹولے کو دوبارہ کسی صورت نومئی دہرانے نہیں دیں گے۔ تمام ادارے الرٹ ہیں کسی کو کسی صورت اسلام آباد پر چڑھائی نہیں کرنے دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کا وطیرہ ہے جب بھی ملک ترقی کی طرف گامزن ہونے لگتا ہے یہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 28)

جمہوریت کو نقصان پہنچانے والے اپنی سیاسی اہمیت کھو چکے ہیں

مسلم لیگ ن نے ہمیشہ ملک اور عوام کی بہتری کے فیصلے کئے ہیں، مظہر جمیل چوہدری



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) ضلعی سینئر نائب صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) مظہر جمیل چوہدری نے کہا کہ جمہوریت کو نقصان پہنچانے والے اپنی سیاسی اہمیت کھو چکے ہیں، ترقی کی راہ میں رکاوٹیں ڈالنے والوں کا کوئی مستقبل نہیں ہے حکومت عوامی بہبود، ملکی خوشحالی، معاشی استحکام کے لئے کاوشیں جاری رکھے گی انہوں نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کی مخلصانہ قیادت میں ملکی ترقی کا سفر جاری رہے گا جمہوریت کی راہ میں رکاوٹیں ڈالنے والوں کو کچھ حاصل نہ ہوگا انہوں نے کہا ہے کہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 27)



فیصل آباد۔ عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر ریٹائرڈ ڈپٹی کمشنر شاہد اقبال لودھی اور ای ڈی او ایجوکیشن راؤ عبدالکریم اساتذہ کرام کو ہیرو ٹیچر ایوارڈ اور تعریفی سرٹیفکیٹس دے رہے ہیں

ہیرو ٹیچر ایوارڈ، قابلِ احترام اساتذہ کی خدمات کو خراجِ تحسین

شاندار خدمات انجام دینے والے اساتذہ میں ہیرو ٹیچر ایوارڈز تقسیم، معیاری تعلیم کے فروغ پر زور

فیصل آباد (انور شکیل سے) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی کے زیر اہتمام شاندار خدمات انجام دینے والے قابلِ احترام اساتذہ کو خراجِ تحسین پیش کرنے کے لئے چیف ایگزیکٹو آفیسر راؤ عبدالکریم کی جانب سے ''ہیرو ٹیچر ایوارڈ'' کی ایک پروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (سوشل سروسز) رشد اقبال نے بطور مہمانِ خصوصی تقریب میں شرکت کی۔ تقریب میں ڈویژنل ڈائریکٹرز چوہدری علی احمد سیان اور افتخار خان ورگ، ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ آفیسر ریاض حسین انجم، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افسران محمد وسیم ساجد، محمد ذاکر اور ڈاکٹر عذرا نسرین سید، وزیر تعلیم (باقی صفحہ اندرونی نمبر 30)

ماسکو فارمیٹ کا آٹھواں اجلاس، افغانستان کی صورتحال اور علاقائی سلامتی پر غور

ماسکو (این این آئی) افغانستان پر ماسکو فارمیٹ مشاورت کا آٹھواں اجلاس ماسکو میں منعقد ہوا جس میں پاکستان سمیت خطے کے مختلف ممالک کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں چین سمیت وسطی ایشیائی ممالک کے نمائندے بھی شریک ہوئے، جبکہ افغانستان کی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 31)

اسپیکر کے پی اسمبلی کا وزیراعظم کو خط، امن جرگہ 2025 کے مشترکہ اعلامیہ پر عملدرآمد کا مطالبہ

پشاور (این این آئی) اسپیکر خیبر پختونخوا اسمبلی بابر سلیم سواتی نے وزیراعظم شہباز شریف کو خط لکھ کر صوبائی اسمبلی کے امن جرگہ 2025 کے مشترکہ اعلامیہ پر عمل درآمد کا مطالبہ کر دیا۔ اپنے خط میں بابر سلیم سواتی نے کہا کہ صوبائی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 33)

انجمن سادات فیصل آباد کا اجلاس، پوزیشن ہولڈر طلبہ میں انعامات کی منظوری

25 اکتوبر کو سادات طلبہ و طالبات میں شیلڈز، سرٹیفکیٹس اور انعامات تقسیم کیے جائیں گے

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) انجمن سادات فیصل آباد کا اہم اجلاس مرکزی دفتر میں منعقد ہوا جسکی صدارت سید اطہر حسین بخاری نے کی۔ اجلاس میں سید دلشاد حسین بخاری کرامت حسین بخاری سید محی الدین کاظمی سید اسد نقوی سید بشارت علی سبزواری سید سرفراز علی ساقی مخدوم سید فرخ نقوی سید تنویر حسین رضوی سید غلام حسین سبزواری سید ذیغر حسین سید اشفاق حسین بخاری سید سہیل شمسی سمیت دیگر ممبران نے شرکت کی۔ اجلاس میں آئندہ کے لائحہ میں طے پایا گیا کہ 25 اکتوبر کو کرمل ان ہوٹل ڈی گراؤنڈ پیٹرز کالونی ایک پروقار تقریب میں میٹرک اور ایف اے کے سالانہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 32)



فیصل آباد۔ انجمن سادات کے اجلاس سے صدر سید اطہر حسین بخاری، سید دلشاد حسین بخاری، کرامت حسین بخاری، سید صغیر بخاری، سید محی الدین کاظمی و دیگر خطاب کر رہے ہیں

مالی سال 2026-27 کے پہلے تین ماہ کے دوران ترقیاتی اخراجات کی رپورٹ جاری

رواں مالی سال جولائی تا ستمبر ترقیاتی اخراجات کی مد میں 1 کھرب 61 ارب 31 کروڑ روپے خرچ کئے گئے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) مالی سال 2026-27 کے پہلے تین ماہ جولائی تا ستمبر کے دوران ترقیاتی اخراجات کی رپورٹ جاری کر دی گئی۔ رپورٹ کے مطابق رواں مالی سال جولائی تا ستمبر ترقیاتی اخراجات کی مد میں 1 کھرب 61 ارب 31 کروڑ روپے خرچ کئے گئے۔ پی ایس ڈی پی 2026-27 کا مجموعی حجم ایک ہزار ارب روپے تھا۔ وفاقی وزارتوں کیلئے مختص 682 ارب 48 کروڑ روپے میں سے پہلی سہ ماہی میں 43 کھرب 85 کروڑ روپے جاری ہوئے۔

باب المندب پر سعودی حمایت یافتہ یمنی فورسز کی بڑی پیش قدمی، اہم مقامات پر قبضہ

صنعاء (این این آئی) سعودی حمایت یافتہ یمنی حکومت کی فورسز نے اہم بحری گزرگاہ باب المندب آبنائے پر موثر کنٹرول حاصل کر لیا ہے۔ یمن کے وزیر اطلاعات معمر الارياني نے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 25)

امریکی پوسٹل سروس کو 12 کروڑ 60 لاکھ ڈالرز کا نقصان پہنچانے والے پاکستانی پر فرد جرم عائد

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں پاکستانی شہری پر پوسٹل سروس کو 12 کروڑ 60 لاکھ ڈالرز مالیتی 34 ارب پاکستانی روپے سے زائد کا نقصان پہنچانے کے الزام میں فرد جرم عائد کر دی۔ ریاست فلوریڈا میں پاکستان کے ایک مبینہ شہری کے خلاف امریکی پوسٹل سروس کو بڑا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 26)



حضرت امیر عبدالقدیر اعوان روحانی تربیتی دورے پر کینیڈا اور امریکہ کے لیے اسلام آباد ایئرپورٹ سے روانہ

عبدالقدیر اعوان روحانی تربیتی دورے پر کینیڈا اور امریکہ کے لیے روانہ

اس سلسلے میں مختلف پروگرامز کا انعقاد کیا گیا ہے جس میں حضرت شیخ المکرم لیکچر دیں گے

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) حضرت امیر عبدالقدیر اعوان روحانی تربیتی دورے پر کینیڈا اور امریکہ کے لیے اسلام آباد ایئرپورٹ سے روانہ ہو گئے جہاں سالکین کی بڑی تعداد آپ کو رخصت کرنے کے لیے وہاں پہنچی۔ اس دورے کا مقصد ذکر الٰہی، روحانی تربیت کرنا اور ذکر قلبی کی دعوت ہے۔ اس سلسلے میں مختلف پروگرامز کا انعقاد کیا گیا ہے جس میں حضرت شیخ المکرم لیکچر دیں گے۔ اس کے علاوہ انفرادی ملاقاتیں بھی ہوں گی۔ حضرت امیر عبدالقدیر اعوان روحانی سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ سالانہ روحانی تربیتی دورے پر کینیڈا اور امریکہ کے لیے اسلام آباد ایئرپورٹ سے روانہ ہو گئے جہاں

اساتذہ کا احترام ترقی یافتہ معاشرے کی بنیاد ہے، ریاض چوہدری

خواتین اساتذہ کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے اور استاد کا مقام بلند کرنے پر زور



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) سابق مشیر وزیراعظم آزاد کشمیر محمد ریاض چوہدری نے کہا کہ، ٹیچر ایک مسلمہ حقیقت ہے، کوئی بھی معاشرہ اور ملک اس وقت تک ترقی نہیں کر سکتا استاد وہ عظیم ہستی ہے جسکی بدولت ایک باشعور اور تعلیم یافتہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 37) ترجیحی بنیادوں

لانگ مارچ ملتوی، مذاکرات بحال کئے جائیں، میاں سہیل یوسف

پی پی پی نے مذاکرات کی کامیابی کیلئے مثبت کردار ادا کیا، رہنما پی وائے او پنجاب



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پیپلز یوتھ آرگنائزیشن پنجاب کے سیکرٹری ریکارڈ اینڈ ایونٹ میاں سہیل یوسف نے کہا ہے کہ حکومت مذاکرات بحال کرے، فوری تحریک انصاف لانگ مارچ ملتوی کر دے۔ انہوں نے تحریک انصاف وفد کو بھی مذاکرات کا مشورہ دیتے کہا تھا کہ سیاست میں کوئی چیز حرف آخر نہیں ہوتی، ڈائیلاگ کیا جائے، میز پر بیٹھنے سے ہی راستے نکلتے ہیں، پی پی نے ہمیشہ کی طرح مذاکرات کی کامیابی کے لئے اپنا مثبت (باقی صفحہ اندرونی نمبر 36)

رانا عبدالحمید کی سعودی عرب پر حوثی ملیشیا کے حملوں کی مذمت

سعودی عرب کو نشانہ بنانا قابل تشویش، خطے کے امن کیلئے خطرناک ہے، مسلم لیگی رہنما



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) مسلم لیگ ن پی پی 113 کے سینئر نائب صدر رانا عبد الحمید سعودی عرب پر حوثی ملیشیا کے حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہری اور اقتصادی تنصیبات کو نشانہ بنانا قابل تشویش اور خطے کے امن کیلئے خطرناک ہے، سعودی عرب پاکستان کا برادر اسلامی ملک ہے اور پاکستانی عوام سعودی عرب کی سلامتی اور خودمختاری کے تحفظ کو انتہائی اہمیت دیتے ہیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 35)

نبی کریم ﷺ کی تعلیمات پر عمل سے ظلم و ناانصافی کا خاتمہ ممکن ہے

سیرت طیبہ پر عمل سے معاشرے میں امن، عدل، رواداری اور بھائی چارہ فروغ پاتا ہے



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) سماجی و سیاسی شخصیت چوہدری حسام علی وڑائچ نے کہا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بعثت کا بنیادی مقصد انسانیت کو توحید عدل و انصاف اور امن کا درس دینا تھا۔ انہوں نے کہا کہ آمد سے ہی دنیا کو امن و امان، سلامتی اور مظلوم کو انصاف ملا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعلیمات پر عمل کر کے معاشرے سے ناانصافی اور ظلم کا خاتمہ کیا جا سکتا ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسول پاک (باقی صفحہ اندرونی نمبر 34)

تعلیم کے ساتھ ہنر وقت کی اہم ترین ضرورت ہے، یاسین کسانہ

رفح کریم ویلفیئر فاؤنڈیشن رجسٹرڈ فیصل آباد، تعمیر سکول سسٹم اور کسانہ ایسوسی ایٹ کے باہمی تعاون سے بچوں کے لیے تین ماہ پر مشتمل بیسک کمپیوٹر ٹریننگ کورس کا انعقاد

جس کا مقصد بچوں کو جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرتے ہوئے بنیادی کمپیوٹر اور آئی ٹی کی مہارتوں سے روشناس کرانا تھا

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) تقریب تقسیم اسناد بنیادی کمپیوٹر ٹریننگ کورس ارفع کریم ویلفیئر فاؤنڈیشن رجسٹرڈ فیصل آباد، تعمیر سکول سسٹم اور کسانہ ایسوسی ایٹ کے باہمی تعاون سے بچوں کے لیے تین ماہ پر مشتمل بیسک کمپیوٹر ٹریننگ کورس کا انعقاد کیا گیا، جس کا مقصد بچوں کو جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرتے ہوئے بنیادی کمپیوٹر اور آئی ٹی کی مہارتوں سے روشناس کرانا تھا۔ کورس کی کامیاب تکمیل پر آج طلبہ کی حوصلہ افزائی اور ان کی محنت کو سراہنے کے لیے ایک پروقار تقریب تقسیم اسناد کا انعقاد کیا گیا، جس میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی معزز شخصیات نے شرکت کی اور بچوں میں اسناد تقسیم کیں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 38)

محسن نقوی نے مذاکرات کی کامیابی کیلئے کوششیں کیں، بیرسٹر گوہر کا اعتراف

ہمارے ہی صوبے کے ڈپٹی کمشنر کسی اور کے کہنے پر دفعہ 144 نافذ کر رہے ہیں، چیئرمین پی ٹی آئی

سوات (این این آئی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ مذاکرات کی میز سے اٹھنے سے مسائل حل نہیں ہوں گے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو میں بیرسٹر گوہر نے کہا کہ لانگ مارچ بھی جاری رہے گا، مذاکرات بھی جاری رہنے چاہئیں، مطالبات کا جواب ایمرجنسی یا گورنر راج نافذ کرنا نہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر داخلہ سینیٹر محسن نقوی نے مذاکرات کی کامیابی کے لیے کوششیں کیں، مذاکرات کی میز سے اٹھنے سے مسائل حل نہیں ہوں گے۔ پی ٹی آئی چیئرمین نے کہا کہ مذاکرات کے دوران خیبر پختونخوا قیادت سے مشاورت کرتے رہے۔

غزہ میں مظالم پر مسلم ممالک کی خاموشی افسوسناک ہے، میاں زاہد اسلم

سعودی عرب اور ایران اختلافات ختم کر کے امت کے اتحاد کیلئے کردار ادا کریں، مطالبہ



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) چیمبر آف کامرس کے سابق صدر میاں زاہد اسلم نے کہا کہ سعودی عرب اور ایران پر خصوصی ذمہ داری ہے کہ وہ یہ تقسیم پیدا نہ ہونے دیں، بدقسمتی سے مسلم ممالک اپنا رول ادا نہیں کر رہے ہیں عالمی دہشت گرد اسرائیل کی جانب سے غزہ کے مظلوم بچوں خواتین سمیت بوڑھے افراد کے لئے قیامت صغریٰ برپا کرنا انتہائی شرم ناک ہے ان کی مدد کرنے قافلوں پر جارحیت کرنا اقوام متحدہ کے منہ پر زوردار طمانچہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 40)

تھانہ سرگودھا روڈ پولیس کی حراست سے چند روز قبل فرار ہونے والے امانت میں خیانت کے ملزم کی نعش گجرات کے ہسپتال سے برآمد

فیصل آباد (آن لائن) تھانہ سرگودھا روڈ پولیس کی حراست سے چند روز قبل فرار ہونے والے امانت میں خیانت کے ملزم کی نعش گجرات کے ہسپتال سے برآمد، لواحقین نے نعش وصول کر کے احتجاج کرتے ہوئے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف، آئی جی پنجاب اور (باقی صفحہ اندرونی نمبر 39)

بلوچستان، سرکاری جامعات کے ملازمین کی تنخواہوں، پنشنز کیلئے 93 کروڑ سے زائد جاری

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان نے صوبے کی سرکاری جامعات اور ان کے سب کیمپسز کے ملازمین کی تنخواہوں اور پنشنز کی ادائیگی کے لیے 93 کروڑ 6 لاکھ 31 ہزار 461 روپے جاری کر دیے۔ محکمہ خزانہ بلوچستان (باقی صفحہ اندرونی نمبر 41)

آئینی ترامیم پر اعتراض کرنے والے بتائیں، یہ کام کب کیا جائے گا؟ جاوید اقبال گل

آئینی عدالت میں صوبوں کی مساوی نمائندگی اور عدالتی نظام میں اصلاحات پر زور



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی سیپن کے سیکرٹری اطلاعات چوہدری جاوید اقبال گل نے کہا کہ احتجاج اور ریلیاں نکالنا ہر سیاسی جماعت کا حق ہے لیکن انتشار پسندی اور افراتفری پھیلانا جمہوریت کے منافی ہے پی ٹی آئی کی کوشش ہوتی ہے کہ ہر عہدے کو متنازع بنایا جائے جو لوگ آئینی ترامیم کے وقت پر اعتراض کر رہے ہیں وہ بتائیں کہ آج نہیں تو کب یہ کام کریں؟ جلد بازی کی بات کرنے والے سمجھ رہے ہیں کہ وہ اس طرح ہماری آئین سازی کو سبوتاژ کر سکیں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 45)

اساتذہ کا احترام اور خواتین اساتذہ کے مسائل کا حل ضروری ہے

استاد قوم کی تربیت، کردار سازی اور نوجوان نسل کی رہنمائی میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے صوبائی نائب صدر چوہدری ارشد جٹ نے کہا ہے کہ 5 اکتوبر قوم کے معماروں کا عالمی دن ہے جسکی تعظیم ہم سب پر والدین کی طرح لازم ہے مرد کے معاشرے میں خواتین آج بھی مشکلات کا شکار ہیں۔ ہمیں اپنی نوجوان نسل کی بہتر تربیت کے لیے قرآن و سنت کو اپنا مرکز و محور بنانا ہوگا۔ کیونکہ استاد کا مقام حیثیت اور اہمیت بہت بلند و اعلیٰ ہے۔ اساتذہ ہی بچوں کو علوم و فنون سے آراستہ پیراستہ کرتا ہے اور انھیں ملک و قوم پر مرمٹنے کا جذبہ دیتا ہے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 44)



فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر عارف احسان ملک فیصل آباد ڈائز اینڈ کیمیل مرچنٹس ایسوسی ایشن کے وفد سے خطاب کر رہے ہیں

تشدد اور انتشار کے بجائے مذاکرات و برداشت کو فروغ دیا جائے، رانا محسن خان

پرامن پاکستان کیلئے اختلافات بات چیت سے حل کرنے اور عدم تشدد کی ضرورت پر زور

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی یوتھ کے نائب صدر رانا محسن خان نے کہا کہ ہر قسم کا تشدد اور انتشار پسندی قابل مذمت ہے، تحریک انصاف ہوش کے ناخن لیں عمران نیازی ملک میں لاشیں گرانے کی سیاست کرنے پر تلے ہوئے ہیں بنگلہ دیش کی طرز پر جعلی یوٹیوبوں کے ذریعے دجالی فتنہ پھیلا کر ملک میں خون ریزی چاہتے ہیں عمران نیازی کے ناپاک عزائم پورے نہیں ہوں گے حفیظ جنجوعہ نے کہا کہ سیاست میں عدم تشدد کا راستہ ہی حقیقی کامیابی کا ضامن ہے، معاشرتی ترقی اور فلاح کی بنیاد طاقت یا تشدد نہیں بلکہ امن اور برداشت پر ہے، انھوں نے کہا کہ عدم تشدد کا راستہ اپنانے والا معاشرہ ہی ترقی اور استحکام کی راہ پر گامزن ہوتا ہے، باہمی اختلافات کو (باقی صفحہ اندرونی نمبر 43)

دشمن کی اگلی غلطی نئے محاذ اور مزید حیران کن نتائج لائے گی، محسن رضائی

رہبر انقلاب کی دانشمندانہ قیادت میں ایران پیچیدہ حالات کا بھرپور مقابلہ کرے گا، سیکریٹری ایرانی سپریم سیکیورٹی کونسل

تہران (این این آئی) ایرانی سپریم سیکیورٹی کونسل کے سیکریٹری محسن رضائی نے کہا ہے کہ ایران کے خلاف دشمن کی ہر غلطی اسے بھاری شکست سے دوچار کر چکی ہے۔ ایک بیان میں محسن رضائی نے خبردار کیا کہ دشمن کی اگلی غلطی نئے محاذ اور مزید حیران کن نتائج کا باعث بنے گی۔ ایرانی سپریم سیکیورٹی کونسل کے سیکریٹری نے کہا کہ رہبر انقلاب کی دانشمندانہ قیادت میں ایران پیچیدہ حالات کا بھرپور مقابلہ کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ تمام ریاستی اداروں میں ہم آہنگی ایران کی طاقت کا ذریعہ ہے۔ رہبر انقلاب کی دانشمندانہ قیادت میں ایران پیچیدہ حالات کا بھرپور مقابلہ کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ تمام ریاستی اداروں میں ہم آہنگی ایران کی طاقت کا ذریعہ ہے۔

قوم اپنی خودمختاری اور سلامتی کے دفاع کیلئے متحد ہے، اعجاز چوہدری

قصور کے قریب بھارتی بی ایس ایف کی فائرنگ سے دو پاکستانی شہریوں کی شہادت کی شدید مذمت کرتے ہیں

بین الاقوامی سرحد پر نہتے شہریوں کو نشانہ بنانا انسانی جان کی حرمت اور طے شدہ سرحدی ضوابط کی سنگین خلاف ورزی ہے

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے ضلعی صدر محمد اعجاز چوہدری نے پنجاب کی سرزمین بابا بلے شاہ کی پاک دھرتی قصور کے قریب بھارتی بی ایس ایف کی فائرنگ سے دو پاکستانی شہریوں کی شہادت کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بین الاقوامی سرحد پر نہتے شہریوں کو نشانہ بنانا انسانی جان کی حرمت اور طے شدہ سرحدی ضوابط کی سنگین خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہید ہونے والے شہریوں عظمت رسول اور محسن جٹ کے اہل خانہ کے غم میں برابر کا شریک ہوں محمد اعجاز چوہدری نے کہا کہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 46)

ایڈیشنل سیشن جج مظفرعلی نے تھانہ نشاط آباد کے قتل کیس کا فیصلہ سناتے ہوئے مجرم محمد احمد کو سزائے موت اور 5 لاکھ معاوضہ کی سزا کا حکم سنا دیا

فیصل آباد (آن لائن) ایڈیشنل سیشن جج مظفر علی نے تھانہ نشاط آباد کے قتل کیس کا فیصلہ سناتے ہوئے مجرم محمد احمد کو سزائے موت اور 5 لاکھ معاوضہ کی سزا کا حکم سنا دیا۔ استغاثہ کے مطابق 2 سال قبل نشاط آباد کے علاقہ میں مجرم محمد احمد نے رقم کے لین دین کے تنازعہ پر فائرنگ کر کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 47)

چیمبر کے نومنتخب عہدیدار ذمہ داری، ڈسپلن اور مثبت سوچ سے کام کریں

بزنس کمیونٹی کی خدمت اور پالیسیوں کے تسلسل کیلئے ٹیم ورک پر زور

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نومنتخب ایگزیکٹوز کو اپنی حدود اور ذمہ داریوں کا ادراک کرتے ہوئے مثبت سوچ سے بزنس کمیونٹی کی بے لوث خدمت کیلئے کچھ نیا کرنا ہوگا تاکہ اُن کی وجہ سے چیمبر، نیشنل گروپ اور خود اُن کی نیک نامی میں اضافہ ہو۔ یہ بات نیشنل گروپ کے سربراہ میاں محمد ادریس نے نئی ایگزیکٹو کیلئے منعقدہ ایک روزہ تربیتی اور آگاہی ورکشاپ کے اختتامی سیشن میں کوڈ آف کنڈکٹ (Ethics and protocols) کے موضوع پر لیکچر دیتے ہوئے کہی۔

سیاستدان بحرانوں سے نکلنے کیلئے بات چیت کا راستہ اپنائیں، سجاد اشرف

ملکی سیاسی کشیدگی کے معیشت پر منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں، جس کے باعث غریب، محنت کش اور مزدور طبقہ کی مشکلات میں اضافہ ہو رہا ہے

بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے سیکورٹی حالات تشویشناک ہیں، لہٰذا موجودہ صورتحال میں ہمیں اپنے قومی اداروں کے ساتھ مضبوطی سے کھڑا ہونا چاہئے

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) سابق ایگزیکٹو ممبر ایوان صنعت و تجارت سجاد اشرف نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ سیاسی جماعتیں بحرانوں سے نکلنے کیلئے بات چیت کا راستہ اپنائیں ملکی سیاسی کشیدگی کے معیشت پر منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں جس کے باعث غریب، محنت کش اور مزدور طبقہ کی مشکلات میں اضافہ ہو رہا ہے، معاشی و سیاسی استحکام کے لیے تمام سیاسی دھاروں کو مل بیٹھ کر مذاکرات کرنا ہوں گے۔ اس وقت ملک کو درپیش درپیش چیلنجز کا تقاضا ہے کہ تمام قومی ادارے اور سیاسی جماعتیں ایک پیج پر ہوں۔ انہوں نے کہا کہ دشمن ملک پاکستان کے خلاف پراکسی وار کر رہا ہے، جبکہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 48)

یوتھ کرکٹ لیگ کوئٹہ سیمی فائنلز میچز کا شاندار سلسلہ جاری



یوتھ کرکٹ لیگ کوئٹہ کا پہلا سیمی فائنلو میچ 6 اکتوبر 2026 کو چاٹی اسٹیڈیم، کوئٹہ کینٹ میں بلوچستان یونیورسٹی اور بولان میڈیکل کالج کے درمیان کھیلا گیا۔

شاندار مقابلے کے بعد یونیورسٹی آف بلوچستان کی ٹیم نے 164 رنز سے کامیابی کرلیا۔

مزید نظریں میچ پیچن ٹرافی کی جانب۔



پیٹرولیم لیوی کے نام پر عوام پر مسلسل مالی بوجھ ڈالا جا رہا ہے، حاجی اصغر

عوام کو ریلیف دینے کے بجائے پیٹرولیم لیوی کا ہدف گزشتہ سال کے مقابلے میں رواں سال 14 فیصد بڑھایا گیا ہے، میاں محمد افضل آف ٹوبہ

وفاق کے پاس ہنگامی حالات کے لیے 430 ارب روپے کا فنڈ موجود ہے، اسے عوامی ریلیف کے لیے استعمال کیا جانا چاہیے، حاجی راشد نجمی، عمر اقبال، لالہ دلدار حسین

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) انجمن تاجران موٹر مارکیٹ جھنگ روڈ فیصل آباد کے چیئرمین سرپرست اعلیٰ سابق ایگزیکٹو ممبر ایف سی سی آئی میاں محمد افضل آف ٹوبہ، ایگزیکٹو ممبر ایف سی سی آئی و چیئرمین حاجی محمد اصغر، صدر حاجی راشد نجمی، وائس چیئرمین میاں عمر اقبال، لالہ دلدار حسین، رانا امجد علی، سابق اے گزے کنوینر ممبر مقصود بٹ و دیگر نے پیٹرولیم مصنوعات کی بڑھتی قیمتوں اور مہنگائی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پیٹرول کی ہر روز بڑھتی قیمتوں کے باعث مہنگائی کا جن بے قابو ہو گیا ہے اور عوام سخت پریشان ہیں، عوام کو ریلی